© rasailojaraid.com



☆ **یادیں**، نذیر حسین۔ ناشر: کلاسیک، ۵۴۲ شاہراہ قائداعظم، لاہور۔ صفحات: ۱۶۰۔ قیمت: ۱۵۰ روپے۔ [ایک میڈیکل ڈاکٹر کے بے ساختہ ''احساسات، کیفیات اور جذبات''۔ ''حقیقت کی تلاش، عشق رسولؐ کی جھلکیاں، معاشرتی ناہمواریاں، منافقت سے نفرت، عہد حاضر کی ناقدری، انسانی اقدار و روایات کی ٹوٹ پھوٹ، ہجر، وصال، دکھ، درد جیسے موضوعات''، پر سیدھی سادی نظمیں اور غزلیں۔]

☆ **سوانح حضرت مولانا مفتی محمودؒ**، مولانا عبدالقیوم حقانی۔ ناشر: القاسم اکیڈمی، جامعہ ابوہریرہ، برانچ پوسٹ آفس خالق آباد، نوشہرہ (صوبہ سرحد)۔ صفحات: ۳۳۶۔ صفحات: ۱۲۰ روپے۔ [مولانا مفتی محمودؒ کی شخصیت، پاکستان کے دینی اور سیاسی حلقوں میں محتاج تعارف نہیں۔ ان کی عمر دینی علوم کی تدریس میں گزری، جمعیت العلما اسلام کے ممتاز رہنما اور صوبہ سرحد کے وزیراعلیٰ رہے۔ ۱۹۷۷ء کی بھٹو مخالف تحریک میں، تین رکنی وفد کے قائد کی حیثیت سے انھیں بین الاقوامی شہرت ملی۔ زیرنظر سوانح میں ان کے اوصافِ حمیدہ، علمی عظمت، فقر و قناعت اور دیگر گوناگوں شخصی خوبیوں کو اجاگر کیا گیا ہے جو اپنی جگہ بہت خوب ہیں۔ لیکن اس سے ان کی ذہنی نشوونما اور سیاسی زندگی کی تفصیل اور اس کے نشیب و فراز کی پوری عکاسی نہیں ہوتی۔ بہرحال عقیدت مندانہ انداز میں مولانا مفتی مرحوم کی شخصیت کا یہ ایک عمدہ مرقع ہے۔]

---

۱۱ ستمبر کے بعد ایک سال مکمل ہونے پر
پروفیسر خورشید احمد
کے چشم کشا اور فکر انگیز قلم سے
امریکہ: مسلم دنیا کی بے اطمینانی
صفحات: ۳۰۸
مغربی سیکولر استعمار کے عزائم، اہداف اور حکمت عملی
''دہشت گردی کے خلاف جنگ'' کی حقیقت
اُمت مسلمہ کا مقدمہ، صاف گوئی لیکن منطقی انداز سے
مسلمانوں کے لیے راہِ فکر و عمل
قیمت
مجلد: ۲۰۰ روپے
پیپربیک: ۱۲۵ روپے
زندہ مسلم معاشرے میں ''گرم کیک'' کی طرح فروخت ہونے کے لائق
آج ہی طلب کیجیے:
منشورات، منصورہ، ملتان روڈ، لاہور۔ فون: 5425356 فیکس 5432194
کراچی: ڈیبنٹ بک پوائنٹ، A/57، بلاک 5 گلشن اقبال۔ فون: 021-4967661
E-mail: manshurat@hotmail.com

© rasailojaraid.com